Sadiq / Inam

11-03-2025

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......

------------------------------

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج ماریشس کے اپنے ہم منصب نوین چندر رام غلام کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وہ آج شام ایک کمیونٹی تقریب سے بھی خطاب کریں گے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھٹنڈہ میں سنٹرل یونیورسٹی آف پنجاب کی تقسیمِ اسناد تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے یونیورسٹی کو نہ صرف بھارت بلکہ بیرونی ملکوں کی مختلف ثقافتوں کا بھی سنگم قرار دیا۔

☆ حکومت اگلے تین برس میں ملک کے ہر ضلعے میں Day Care کینسر سینٹر قائم کرے گی۔

☆ مرکز نے اڑد کی دال کی ڈیوٹی سے مستثنیٰ کی درآمدات میں اگلے سال 31 مارچ تک توسیع کردی ہے۔

☆ کھیلوں کی وزارت نے بھارت کی کُشتی فیڈریشن کی معطّلی منسوخ کردی ہے۔

☆ اور عالمی Para ایتھلیٹکس گراں پری 2025 آج سہ پہر نئی دلّی میں شروع ہورہا ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Rev PM Maurituus Arrival**

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح دو دن کے دورے پر ماریشس پہنچے ہیں ، جہاں ماریشس کے وزیراعظم نوین چندر رام غلام نے ہوائی اڈے پر اُن کا پُرجوش خیر مقدم کیا۔ وزیر اعظم مودی کے خیر مقدم کیلئے نائب وزیر اعظم ، ماریشس کے چیف جسٹس ، قومی اسمبلی کے اسپیکر ، اپوزیشن کے رہنما ، وزیر خارجہ، کابینہ سکریٹری Grand Port District Council کے صدرنشیں اور بہت سی دیگر سرکردہ شخصیات موجود تھیں۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ ہوائی اڈے پر ان کا استقبال کئے جانے کیلئے وہ ماریشس کے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ دورہ ایک بیش قیمت دوست کے ساتھ رابطہ قائم کرنے اور مختلف شعبوں میں اشتراک کے نئے امکانات تلاش کرنے کا بہترین موقع ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ وہ ماریشس کے صدر Dharam Gokhool اور وزیر اعظم نوین چندر رام غلام سے ملاقات کریں گے اور آج ایک کمیونٹی پروگرام سے خطاب کریں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کا خیر مقدم کرنے کیلئے وہاں آباد بھارتی برادری کے افراد ایک ہوٹل میں جمع ہوئے۔ وزیر اعظم کا خیرمقدم کرنے کیلئے گلوکاروں اور Dancers نے بھی ثقافتی پروگرام منعقد کیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے ماریشس میں بھارتی برادری کی جانب سے اپنے پُر تپاک استقبال پر گہرے تشکر کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ماریشس میں بھارتی برادری کا بھارتی ورثے، ثقافت اور اقدار سے گہرا تعلق واقعی حوصلہ افزا ہے۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ تاریخ اور دِلوں کا یہ رشتہ نسل درنسل پھلتا پھولتا رہا ہے۔

جناب مودی ماریشس کے اپنے دو روزہ سرکاری دورے کے دوران بھارت کی اعانت والے 20 سے زیادہ پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، جن میں صلاحیت سازی سے لے کر کمیونٹی سے وابستہ بنیادی ڈھانچے شامل ہیں۔ وزیر اعظم کل ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ توقع ہے کہ دورے کے دوران دونوں ممالک صلاحیت سازی اور تجارت کے شعبوں اور سرحد پار کے مالی جرائم سے نمٹنے میں اشتراک کیلئے کئی سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔ x

**Rev Prez Punjab Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ سینٹرل یونیورسٹی آف پنجاب نہ صرف بھارت بلکہ بیرونی ملکوں کی مختلف ثقافتوں کا بھی سنگم ہے، جہاں طلباء اور اساتذہ میں بھارت کے تنوع کی عکاسی ہوتی ہے۔ اس طرح کے ادارے ہمارے ملک کی فعال اور شاندار ثقافت کے نمائندہ ادارے ہیں۔ انہوں نے یہ بات آج بھٹنڈہ میں یونیورسٹی کی 10ویں تقسیمِ اسناد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدرِ جمہوریہ نے امید ظاہر کی کہ یونیورسٹی ، بھارت کے تنوع ، اتحاد اور مہارت کی مثال پیش کرتی رہے گی۔ Talwandi Sabo میں قائم Takhat Sri Damdama Sahib کا ذکر کرتے ہوئے، جہاں شری گرو گوبند سنگھ جی نے اپنی سرگرم جدوجہد کے دوران کچھ وقت گزارا تھا، صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ دنیا کے انتہائی مقدس مقام کی روحانی توانائی یہاں موجود ہے۔

انہوں نے کہا کہ گرو گوبند سنگھ جی نے اِس خطے کا مقدس نام 'گرو کی Kashi ' رکھا۔ ساتھ ہی یہ سرزمین شجاعت اور روحانی طاقت کا سنگم بھی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہاں تعلیم حاصل کرنے والے سبھی طلباء کیلئے یہ فخر کی بات ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ خواتین کی ترقی کا مطلب ہے ، معاشرے کی ترقی۔ تعلیم یافتہ خواتین ایک مضبوط معاشرہ تشکیل دیتی ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ کنووکیشن میں میڈل حاصل کرنے والوں میں 65 فیصد خواتین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ یہ بیٹیاں ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کے ہمارے خواب کو ایک خوبصورت شکل دیں گی۔

تقسیمِ اسناد کی تقریب میں ایک ہزار 31 پوسٹ گریجویٹ ڈگریاں، 60 پی ایچ ڈی ڈگریاں اور ذہین طلباء کو 43 گولڈ میڈلس دیئے گئے۔ x

**RS CANCER**

مرکزی حکومت اگلے تین میں ملک بھر کے ہر ضلع میں Day care cancer centre کھولے گی۔ راجیہ سبھا میں آج ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیرصحت جے پی نڈا نے کہا کہ سال 26-2025 میں 200 ڈے کیئر سینٹر کھولے جائیں گے۔

ایک حالیہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ آیوشمان بھارت پی ایم جن آروگیہ یوجنا پر عمل درآمد کے ساتھ کینسر کے مریضوں کا علاج جانچ کے 30 دن کے اندر شروع ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت قومی صحت مشن کے تحت سستے اور معیاری حفظان صحت خدمات فراہم کرنے پر کام کر رہی ہے۔x

**MEXICO - BUS ACCIDENTS**

میکسکو میں کل دو الگ الگ حادثوں میں 32 افراد کی موت ہوگئی۔ جنوبی میکسکو کی Oaxaca ریاست میں، ایک بس کے ایک ہائی وے پر پلٹ جانے سے 18 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 12 دیگر زخمی اسپتال میں داخل ہیں۔

وہیں شمالی میکسکو میں Texas سے مسافروں کو لا رہے ایک بس کے ایک ٹریکٹر ٹریلر سے ٹکرانے سے اس میں آگ لگ گئی اور 14 افراد کی موت ہوگئی۔ اس حادثے میں بس میں سوار 24 افراد میں سے صرف 10 لوگ ہی زندہ بچ پائے ہے۔x

**GOVT- URAD IMPORT**

حکومت نے اڑد کی دال کی محصول سے مستثنیٰ درآمدات میں اگلے سال 31 مارچ تک ایک اور سال توسیع کی ہے۔ ایک نوٹیفکیشن میں

غیر ملکی تجارت کے ڈائریکٹریٹ جنرل نے کہا کہ اڑد کی محصول سے پاک درآمداتی پالیسی میں 31 مارچ 2026 تک کیلئے اضافہ کیا گیا ہے۔ یہ التزام اس سال مارچ کے آخر تک موثر ہو جائے گا۔ اس اقدام سے گھریلوں بازاروں میں اجناس کی قیمتوں میں استحکام لانے میں مدد ملے گی۔x

**Annpurna Devi CSW Newyork**

خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر اَنّ پورنا دیوی نے خواتین اور بچوں کے تحفظ، انہیں بااختیار بنانے اور ہمہ جہت ترقی کے لیے بھارت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے کل نیویارک میں خواتین سے متعلق اقوام متحدہ کمیشن (CSW) کے 69 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صنفی مساوات میں بھارت کی پیشرفت اور 12 اہم شعبوں میں کیے گئے اہم اقدامات کو اجاگر کیا۔

انہوں نے نمایاں سرکاری اسکیموں کے انقلابی اثرات پر بھی روشنی ڈالی، جنہوں نے خواتین اور بچوں کی صحت، غذائیت، تعلیم اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے میں نمایاں بہتری لائی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اسکیموں کے مؤثر نفاذ اور لوگوں تک ان کی رسائی کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔

حکومت کا پختہ عزم ہے کہ ہر عورت اور بچی کو ان کے حقوق اور مراعات تک مکمل رسائی حاصل ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت ایک جامع حکمت عملی کے ذریعے ایسے مستقبل کی تعمیر میں مصروف ہے، جہاں ہر عورت بااختیار ہو اور ہر بچہ ایک محفوظ اور ساز گار ماحول میں پروان چڑھے۔

اس اجلاس میں اقوام متحدہ کے تمام رکن ممالک، بین حکومتی تنظیموں، نجی شعبے، مخیّر حضرات، تعلیمی ماہرین، سول سوسائٹی، خواتین کی تنظیموں اور اقوام متحدہ کی ایجنسیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

CSW صنفی مساوات، خواتین کے حقوق اور ان کے اختیارات کو فروغ دینے کے لیے پوری طرح وقف ایک بین الاقوامی بین حکومتی ادارہ ہے۔x

**LS- KALYAN BANERJEE**

آج لوک سبھا میں ترنمول کانگریس کے رکن پارلیمنٹ کلیان بنرجی اور حزب اقتدار کے ارکان پارلیمنٹ کے درمیان مرکزی وزیر گری راج سنگھ کے خلاف کچھ بیانات پر شدید تلخ کلامی ہوئی۔ وقفۂ سوالات کے دوران جب جناب بنرجی مغربی بنگال کے متعلق مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ MG-NREGA کے تحت تاخیر سے جاری ہونے والے فنڈز کا معاملہ اٹھا رہے تھے، تو انہوں نے مرکزی وزیر گری راج سنگھ کے خلاف کچھ تبصرے کیے۔ جناب بنرجی نے وزیر موصوف پر الزام لگایا کہ وہ اپنی سیٹ پر غیر مناسب رویہ اپناتے ہیں۔ حزب اقتدار کے اراکین نے TMC کے رکن پارلیمنٹ کے تبصروں پر اعتراض کیا۔ پارلیمانی امور کے وزیر مملکت ارجن رام میگھوال نے بھی جناب بنرجی کی زبان پر سخت احتجاج کیا۔ اسپیکر اوم برلا نے دونوں طرف کے اراکین سے ایوان میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کی اپیل کی اور کہا کہ کسی بھی رکن کو ایک دوسرے کے بارے میں غیر مناسب تبصرہ نہیں کرنا چاہیے۔ x

**J&K Accident**

جموں وکشمیر کے ریاسی ضلعے میں آج ایک سڑک حادثے میں 3 افراد ہلاک اور 10 دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب ایک ٹیمپو سڑک سے پھسل کر گہری کھائی میں جاگرا۔ یہ حادثہ Mahore تحصیل میں Gangot کے مقام پر پیش آیا۔ تین لوگوں کی موت جائے حادثہ پر ہی ہوگئی، جبکہ دَس افراد حادثے میں زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر مقامی رضا کاروں، پولیس اور متعلقہ فیلڈ ایجنسیوں نے اسپتال میں داخل کرایا۔ ریاسی کے SSP پرم ویر سنگھ نے کہا ہے کہ سنگین طور پر چار زخمی افراد کو بہتر علاج کے لیے گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں بھیج دیا گیا ہے۔ x

**NORTHERN RAILWAY SPECIAL TRAINS**

شمالی ریلویز کا محکمہ ہولی کے تہوار کے پیش نظر مسافروں کے سفر میں سہولت فراہم کرنے کے لیے 400 سے زیادہ خصوصی ٹرینیں چلانے

جا رہا ہے۔ نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے شمالی ریلویز کے تعلقات عامہ کے اعلیٰ افسر ہیمانشو شیکھر اپادھیائے نے بتایا کہ مسافروں کی سہولت کے لیے پختہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئی دلی، آنند وہار اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کے لیے سیکورٹی انتظامات، چھوٹے کنٹرول رومز اور ویٹنگ ایریاز قائم کیے گئے ہیں۔ جناب اُپادھیائے نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو مزید خصوصی ٹرینیں چلائی جائیں گی۔x

***1400 Himanshu / CPRO***

جناب اُپادھیائے نے مزید کہا کہ پلیٹ فارم پر صرف کنفرم ٹکٹ رکھنے والے مسافروں کو داخل ہونے دیا جائے گا۔ x

**WFI Suspension Revoked**

کھیلوں کی وزارت نے بھارتی کشتی فیڈریشن WFI پر عائد معطّلی کو ختم کر دیا ہے، جس سے کشتی کے کھیل کے حوالے سے کئی ماہ سے جاری غیر یقینی کی صورتحال ختم ہوگئی ہے۔ اس فیصلے سے کھیل سرگرمیوں کے دوبارہ شروع ہونے کی راہ ہموار ہوگئی ہے، جن میں اردن کی راجدھانی عمّان میں ہونے والی آئندہ ایشیائی چمپئن شپ کے لیے سلیکشن ٹرائلز بھی شامل ہیں۔ وزارت نے WFI کے لیے کچھ رہنما اصول بھی وضع کیے ہیں۔ اس کے تحت فیڈریشن کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ تمام بین الاقوامی مقابلوں کے لیے انتخابی عمل شفاف، منصفانہ اور کھیل کے ضابطوں، نیز یونائیٹڈ ورلڈ ریسلنگ کے ضابطوں اور دیگر سرکاری ہدایات کے مطابق ہوں۔ وزارت نے 24 دسمبر 2023 کو WFI کو 21 دسمبر کو اس کی نئی باڈی کے انتخاب کے بعد انتظامی امور اور ضابطوں کی خلاف ورزیوں کی بنا پر معطل کر دیا تھا۔x

**Para Athletics Grand Prix**

عالمی پیرا ایتھلیٹکس Grand Prix (WPA GP) 2025 آج سہ پہر نئی دلّی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں شروع ہورہا ہے۔ تین روزہ اِس مقابلے میں 145 بھارتی اور 105 بین الاقوامی کھلاڑیوں سمیت کُل 250 پیرا ایتھلیٹس حصہ لیں گے۔ یہ کھلاڑی 90 ایتھلیٹکس مقابلوں میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ بھارت کی میزبانی میں منعقد ہونے والا یہ اب تک کا سب سے بڑا پیرا ایتھلیٹکس مقابلہ ہے۔ بھارتی دستے کی قیادت پیرس 2025 پیرا اولمپک میں سونے کا تمغہ جیتنے والے پروین کمار، نودیپ سنگھ اور دھرمبیر کریں گے۔x

**Green Land Election**

گرین لینڈ میں آج انتخابات ہوں گے۔ ان انتخابات پرا س لیے زیادہ توجہ دی جارہی ہے کیونکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ گرین لینڈ میں امریکی غلبے میں توسیع کرنا چاہتے ہیں۔ گرینڈ لینڈ ایک ایسا خطہ ہے، جو زمینی معدنیات سے مالا مال ہے۔ اسٹریٹجک لحاظ سے شمالی اٹلانٹک میں واقع ہے۔x